# 2023ء راولپنڈی بورڈ

**معروضی طرز**

| Roll No. ______ اُمیدوار خود پُر کرے | HSSC.(Part-I)-A-2023 (For all sessions) | Paper Code 6974 |
|---|---|---|

نمبر:15 وقت: 20 منٹ اصول تجارت

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D سے دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B,A اور D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**Note:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A, B, C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A, B, C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

---

**سوال 1:**

1- بیمہ پالیسی جو کسی دوسرے شخص کو منتقل نہیں ہو سکتی:

**The insurance policy which cannot be transfered to another person:**

(A) زندگی کا بیمہ Life insurance (B) بحری بیمہ Marine insurance
(C) آگ کا بیمہ Fire insurance (D) حادثاتی بیمہ Accidental insurance

2- دفتر کاروبار کا..............ہوتا ہے۔

**Office is _____ of business.**

(A) کنٹرول روم Control room (B) ثالث Arbitrator (C) ناظم Manager (D) ڈائریکٹر Director

3- حسابات کی جدید ترین مشین کہلاتی ہے:

**Latest machine for keeping accounts is called:**

(A) کمپیوٹر Computer (B) ٹائپ رائٹر Typewriter (C) پوسٹنگ Posting (D) مولڈنگ Molding

4- کاروبار کا بنیادی مقصد ہے:

**The basic objective of business is:**

(A) منافع کمانا To earn profit (B) رضائے الٰہی حاصل کرنا To fulfill Allah's will
(C) اشیاء کی خرید و فروخت کرنا Buying and selling of goods
(D) معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنا To increase the economical activities

5- واحد ملکیتی کاروبار میں مالک کی ذمہ داری ہوتی ہے:

**In sole proprietorship, liability of owner is:**

(A) محدود Limited (B) غیر محدود Unlimited
(C) فردِ واحد کی مرضی Depends upon will of one person (D) حکومت کی مرضی سے Depends upon will of govt.

6- واحد ملکیتی کاروبار میں سرمایہ فراہم کرتا ہے:

**In sole proprietorship capital is provided by:**

(A) بینک Bank (B) منیجر Manager (C) مالک Owner (D) حکومت Government

7- شراکتی کاروبار میں حصہ داران کی کم از کم تعداد ہوتی ہے:

**In partnership, minimum number of partners are:**

(A) ایک One (B) دو Two (C) سات Seven (D) دس Ten

8- ایسی کمپنی جو شاہی فرمان کے تحت وجود میں آتی ہے:

**The company formed by the royal order is called:**

(A) آئینی کمپنی Statutory company (B) منشوری کمپنی Chartered company
(C) رجسٹرڈ کمپنی Registered company (D) پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی Private limited company

9- تمسک داران کہلاتے ہیں:

**Debenture holders are called:**

(A) مالکان Owners (B) ملازمین Employees (C) قرض خواہ Creditors (D) ڈائریکٹرز Directors

---

CamScanner

10- انجمن امداد باہمی میں کم از کم ارکان کی تعداد ہوتی ہے۔ Minimum number of members in cooperative society are:

2 (A) 5 (B) 30 (C) 10 (D)

11- جس دستاویز میں اشیاء فروخت کرنے کی پیشکش کی جاتی ہے: A document which is used to offer sale of goods called:

(A) معاہدہ فروخت Sale agreement (B) رسمی بل Performa invoice

(C) کوٹیشن Quotation (D) کوئی نہیں None of these

12- لیٹر آف کریڈٹ جاری کرتا ہے: Letter of credit is issued by:

(A) درآمد کنندگان کا بینک Importer's bank (B) برآمد کنندگان کا بینک Exporter's bank

(C) درآمد کنندہ Importer (D) برآمد کنندہ Exporter

13- تھوک فروش اشیاء خریدتا ہے: Wholesaler buys goods from:

(A) صنعت کار سے Manufacturer (B) پرچون فروش سے Retailer

(C) صارف سے Consumer (D) ایجنٹ سے Agent

14- وہ ذرائع جو اشیاء کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے میں معاون ہوتے ہیں:

The means which are used to transfering goods from one place to another.

(A) نقل و حمل Transportation (B) تشہیر Advertisement

(C) ذخیرہ کاری Warehousing (D) نظام بنکاری Banking system

15- تشہیر کے اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں: The expenses of advertisements are born by:

(A) صارفین کو Consumers (B) اشیاء کے سالک کو Owner of goods

(C) تھوک فروش کو Wholesalers (D) پرچون فروش کو Retailer

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 A | -2 A | -3 A | -4 A | -5 B | -6 C | -7 B | -8 B |
| -9 C | -10 C | -11 A | -12 C | -13 B | -14 A | -15 A | |

## انشائی طرز

Roll No. _______ اُمیدوار خود پُر کرے

HSSC.(Part-I)-A-2023

(For all sessions)

اصول تجارت

(حصہ اوّل)

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

سوال 2: درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ $6 \times 2 = 12$

Write short answers of any six parts of the following.

(i) کاروبار کی تعریف کریں۔

Define the term business.

جواب: کاروبار سے مراد ایسی قانونی معاشی سرگرمیاں ہیں جو نفع کمانے کی غرض سے اختیار کی جاتی ہے۔

Business refers to legal economic activities that are undertaken for the purpose of making a profit.

(ii) شراکتی معاہدہ سے کیا مراد ہے؟

What is meant by partnership deed?

جواب: ایسی دستاویز جس میں شراکتی کاروبار کو چلانے سے متعلق تمام امور اور ضروری قواعد وضوابط درج ہوتے ہیں۔شراکتی معاہدہ کہلاتا ہے۔

A document that contains all the issues and necessary rules and regulation related to running a partnership business is called a parternship agreement or deed.

(iii) پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی سے کیا مراد ہے؟

What is meant by private limited company?

جواب: پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی نجی طور پر منعقد ہونے والے چھوٹے کاروباری ادارے کی ایک قسم ہے جس میں مالک کی ذمہ داری ان کے حصص تک محدود ہے۔فرم 50 یا اس سے کم شیئر ہولڈرز تک محدود ہے اور حصص کی عوامی سطح پر تجارت کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ایک کمپنی ایک آزاد قانونی ڈھانچہ بن جاتی ہے جب اسے شامل کیا جاتا ہے۔

A private limited company is a type of privately held small business entity in which owner liability is limited to their shares. The firm is limited to having 50 or less shareholders and shares are

prohibited from being publicly traded. A company becomes an independent legal structure when it incorporates.

(iv) واحد ملکیتی کاروبار میں منافع کیسے تقسیم کرتے ہیں؟ **How profit is distributed in sole proprietorship business?**

جواب: واحد ملکیتی کاروبار میں تمام منافع واحد آجر یعنی مالک کا ہوتا ہے کیونکہ تمام تر سرمایہ کاری اس نے اپنی جیب سے کی ہوتی ہے اور نقصان کی صورت میں واحد آجرا کیلا ہی اس کا ذمہ دار ہوگا۔

In sole proprietorship / business all the profits belong to the sole employer the owner as all the investments are made by him from his own pocket and in case of loss the sole employer will be responsible for him.

(v) کمپنی کے ڈائریکٹرز سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by board of directors?**

جواب: کمپنی کے حصہ دار اپنی کثرت رائے سے ناظم منتخب کرتے ہیں جو کمپنی کے تمام نظم ونسق کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ان کو انفرادی طور پر ناظم یا ڈائریکٹر اور اجتماعی طور پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کہا جاتا ہے۔

The shareholders of the company elect the director by majority vote, who are responsible for all the management of the company they are individually called as managing of directors and collectively as board of directors.

(vi) شراکتی کاروبار کی رجسٹریشن کے دو فوائد تحریر کریں۔

**Write down the two advantages of registration of partnership firm.**

جواب: 1- قرضے کی سہولت Credit facility    2- قانونی تحفظ Legal protection

(vii) ترجیحی حصص کی تعریف کریں۔ **Define preferred stock.**

جواب: ترجیحی حصص ایسے حصص ہیں جن کے مالکان کو کمپنی کے منافع کی تقسیم کے وقت اور کمپنی کے خاتمے کے وقت سرمائے کی واپسی کے لیے دوسرے حصہ داروں پر ترجیح دی جاتی ہے۔

Preference shares are shares whose owners are given preference over other shareholders in the distribution of the company's profits and the return of capital at the time of liquidation of the company.

(viii) ثانوی صنعت کی تعریف کریں۔ **Define secondary industry.**

جواب: ایسی صنعت جس میں خام مال سے مفید اشیاء تیار کی جائیں یا نیم مکمل اشیاء کو مکمل کر کے زیادہ نفع بخش اور کارآمد بنایا جائے، ثانوی صنعت کہلاتی ہے۔

The industry in which useful goods are made from raw materials or semi-finished goods are made more profitable and useful is called secondary industry.

(ix) کامرس کی تعریف کریں۔ **Define commerce.**

جواب: کاروبار کا ایک ایسا شعبہ جس میں اشیاء کو ان کی جائے پیدائش سے لے کر انہیں حتمی صارفین تک پہنچانے تک کے تمام عوامل شامل ہوں، کامرس کہلاتا ہے۔

A department of business that includes all factors from the point of origin of goods to their delivery to the final consumer is called commerce.

**سوال 3:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ $6 \times 2 = 12$

**Write short answers of any six parts of the following**

(i) صارفین کی انجمن امداد باہمی کی تعریف بیان کریں۔ **Define consumer cooperative society.**

جواب: صارفین کی انجمن امداد ایک ایسی تنظیم ہے جو لوگوں کی مدد کے لیے مل کر کام کرتی ہے۔ان کا مقصد باہمی سہولت فراہم کرنا ہوتا ہے اور معاشرتی اور انسانی کمیونٹی کو مدد فراہم کرنے میں مدد کرنا ہوتا ہے۔

A consumer cooperative society is an organization that works together to help people. Their aim is to provide cooperative facilitation and support to the social and human community.

(ii) خوانچہ فروش صارفین کے لیے کیسے فائدہ مند ہے؟ **How mobile retailers are useful to consumers?**

جواب: خوانچہ فروش کی بدولت صارفین کو روزانہ استعمال کی اشیاء گھر بیٹھے آسانی سے مل جاتی ہے، جس سے وقت کی بچت بھی ہوتی ہے۔

Through retailers consumers can easily get daily use items at home which also saves time.

(iii) ایجنٹ کی تعریف کیجیے۔ **Define agent.**

جواب: ایسا شخص جسے ایک کاروباری آدمی اپنے کاروبار کے معاملات کی انجام دہی کے لیے اپنا نمائندہ مقرر کرے، ایجنٹ کہلاتا ہے۔

A person to whom a business person appoints as his representative to carry out the affairs of his business is called an agent.

CS CamScanner

(iv) حکم نامہ حوالگی سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by delivery order?**

جواب: اگر تاجر خود مال نہ اٹھانا چاہتا ہو تو وہ حکام کے نام ڈلیوری آرڈر جاری کر دیتا ہے کہ جس شخص کے پاس یہ حکم نامہ موجود ہو، وہی مال اٹھانے کا حقدار ٹھہرتا ہے۔ اس عمل کو ترسیل یا حوالگی حکم نامہ کہتے ہیں۔

If the trader does not want to pick up the goods himself, he issues a delivery order in the name of the authorities. The person who has this order is entitled to pick up the goods. This process is called delivery order.

(v) غیر ملکی تجارت میں ادائیگی کے لیے کون سی دستاویز استعمال ہوتی ہے؟
**Which document is used for payment in international trade?**

جواب: 1- بل آف لینڈنگ 2- میٹ کی رسید 3- فریٹ نوٹ 4- بحری بیمہ پالیسی

1. Bill of landing 2. Mate receipt 3. Freight note 4. Marine insurance

(vi) غیر ملکی تجارت کی تعریف کیجیے۔
**Define international trade.**

جواب: غیر ملکی تجارت: ایسی تجارت جس میں اشیاء و خدمات کا تبادلہ دو مختلف ممالک کے درمیان ہو غیر ملکی تجارت کہلاتی ہے۔

**International trade:** Trade in which goods and services are exchanged between two different countries is called International trade.

(vii) پیداکار تھوک فروش کی تعریف کیجیے۔
**Define manufacturer wholesaler.**

جواب: یہ ایسے تھوک فروش ہیں جو خود ہی اشیاء بناتے ہیں اور خوردہ فروش تک مال پہنچانے کا کام بھی کرتے ہیں۔ اس طرح وہ ایک ساتھ پیداکار اور تھوک فروش بن کر اپنے اخراجات کو کم کرتے ہیں۔

These are the wholesalers who manufacture the goods themselves and also carry out the work of delivering the goods to the retailer. Thus they reduce their cost by being a producer and a wholesaler at the same time.

(viii) مالی ضامن کا بنیادی کام کیا ہے؟
**What is the major function of underwriter?**

جواب: مالی ضامن ایک مالیاتی تنظیم کا رکن ہوتا ہے وہ رہن، انشورنس، قرض یا سرمایہ کاری کمپنیوں کے لیے کام کرتے ہیں اندازہ لگاتے ہیں اور فرض کرتے ہیں۔ اکثر آپ کو یہ فیس کمیشن، پریمیم، اسپریڈ یا سود کی شکل میں نظر آئے گی۔

An underwriter is a member of a financial organization they work for mortgage, insurance, loan or investment companies to make appraisals and guarantees. Often, you will see this fee in the form of commissions, premiums, spreads or interest.

(ix) فارورڈنگ ایجنٹ کی تعریف کیجیے۔
**Define forwarding agent.**

جواب: جب کوئی تاجر اپنا مال غیر ملکی تاجر کو ارسال کرتے وقت خود بندرگاہ پر جا کر مال ارسال کرنے کا انتظام نہ کر سکتا ہو تو وہ اس کام کے لیے بندرگاہ پر اپنا ایک ایجنٹ مقرر کر دیتا ہے جسے فارورڈنگ ایجنٹ کہتے ہیں۔

When a trader is unable to arrange for remittance at the port when sending his goods to a foreign trader, he appoints an agent at the port for this purpose called forwarding agent.

**سوال 4:** درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ $6 \times 2 = 12$

**Write short answers of any six parts of the following.**

(i) کیا تشہیر روزگار میں اضافہ کا باعث بنتی ہے؟
**Does advertisement create more employment opportunities?**

جواب: مصنوعات کی تشہیر ایڈورٹائزنگ ایجنسیوں کے ذریعے ممکن ہے۔ ایڈورٹائزنگ ایجنسیاں اداکار، گلوکار، مصنف اور کارٹونسٹ کی خدمات حاصل کرتی ہے جس سے روزگار کے مواقع بڑھتے ہیں۔

The advertisement of products is possible through advertising agencies. Advertising agencies hire actor, singers, writers and cartoonist which enhances employment opportunities.

(ii) بری ذرائع نقل و حمل کیا ہوتے ہیں؟
**What are land means of transport?**

جواب: تمام ذرائع نقل و حمل جو خشکی یا زمین پر چلیں بری ذرائع کہلاتے ہیں، بری ذرائع نقل و حمل درج ذیل ہیں:

1- روڈ ٹرانسپورٹ 2- ریل ٹرانسپورٹ

All transport run on land is called land transport, land means of transport are following:

1. Road transport 2. Rail transport

(iii) کیا ذرائع نقل وحمل کی بدولت اشیاء کی منتقلی آسان ہوتی ہے؟
**Do means of transportation cause the easy transferability of goods?**

جواب: ذرائع نقل وحمل کی بدولت اشیاء ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچائی جاتی ہے۔ اگر کسی علاقے میں اشیاء کی کمی واقع ہو جائے تو ان ذرائع کی بدولت اشیاء وہاں منتقل کردی جاتی ہے۔ لہٰذا ان کی وجہ سے رسد وطلب میں توازن پیدا ہوتا ہے اور قیمتوں میں استحکام رہتا ہے۔

Goods are transported one place to another by means of transportation. If there is a shortage of goods in an area, then due to these sources the goods are transfered there. So due to them supply and demand balance is created and prices remain stable.

(iv) ذخیرہ کاری سے کیا مراد ہے؟
**Define warehousing.**

جواب: ایسا عمل جس میں اشیاء کا اکٹھا کرنا، ان کا ذخیرہ اور درجہ بندی وغیرہ شامل ہوں، ذخیرہ کاری کہلاتا ہے۔

The process of collecting items, including their storage and classification are called warehousing.

(v) بیمہ معاہدہ کے فریقین کے نام لکھیں۔
**Write the names of the parties involve in insurance agreement.**

جواب: بیمہ کے درج ذیل دو فریق ہوتے ہیں:
There are two parties of insurance:

1- قبول کنندہ Acceptor
2- تجویز دہندہ Suggester

(vi) دفتر کی تعریف کیجیے۔
**Define office.**

جواب: دفتر کسی بھی ادارے کی تنظیمی سرگرمیوں کا مرکز ہوتا ہے۔ دفتر ادارے کی سرگرمیوں میں نظم وضبط قائم رکھنے کی ذمہ داری قبول کرتا ہے نیز کاروباری تنظیم میں یکسانیت اور نظم وضبط اور معیار کو قائم رکھتا ہے۔

The office is the centre of organizational activities of any organization. The office assumes the responsibility of maintaining order in the activities of the organization and maintaining uniformity and discipline and quality in the business organization.

(vii) فوٹوسٹیٹ مشین سے کیا مراد ہے؟
**Define the photostate machine.**

جواب: فوٹوسٹیٹ مشین ایک نقل تیار کرنے والی مشین ہے جو تیار شدہ کاغذ کی سطح پر فوری مثبت یا منفی کا پیاں بناتی ہے۔

Photostate machine is a duplicating machine that makes quick positive or negative copies directly on the surface of prepared paper.

(viii) کاروباری خطوط سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by business letters?**

جواب: ایسے خطوط جو مختلف کاروباری افراد یا ادارے اپنے کاروباری امور نمٹانے یا معلومات کے حصول کے لیے بھیجتے اور وصول کرتے ہیں کاروباری خطوط کہلاتے ہیں۔

Letter sent and received by various business persons or organizations for conducting their business or obtaining information are called business letter.

(ix) مسل بندی کی تعریف کیجیے۔
**Define filing.**

جواب: مسل بندی سے مراد ایسا طریقہ ہے جس میں کاروباری کاغذات اور خطوط کو باقاعدگی سے اور ترتیب سے رکھا جاتا ہے تاکہ بوقت ضرورت حوالہ یا کسی دوسرے استعمال کے لیے بآسانی دستیاب ہوسکیں۔

Filing system is the process by which business papers and letters are organized in a regular and orderly manner so that they are easily available for reference or any other use when needed.

## (حصہ دوم)

**نوٹ:** درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (3 × 8 = 24)
**Note: Write answers of any three questions from the following:**

**سوال 5:** تجارت اور ملکی ترقی میں کامرس کی اہمیت بیان کریں۔
**Explain the importance of commerce in business & domestic development.**

**سوال 6:** شراکتی کاروبار کی رجسٹریشن کا طریقہ کار تفصیلاً بیان کریں۔
**Describe the procedure of registration of firm in detail.**

**سوال 7:** مشترکہ سرمائے کی کمپنی کے فوائد بیان کریں۔
**Explain the advantages of joint stock company.**

**سوال 8:** ملکی تجارت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں اور آج کل ملکی تجارت کو کن مشکلات کا سامنا ہے؟
**What do you know by home trade and what problems it faces nowadays?**

**سوال 9:** ذخیرہ کاری کے فوائد بیان کریں۔
**Write down the advantages of warehousing.**

CamScanner